# مانمن خبریں

نمبر 54_18 دسمبر2016

# مانمن کا جلال سے بھرا 34 واں یومِ تاسیس

## 20 ممالک کے معزز مہمانوں نے منایا




سینئر ڈاکٹر جے راک لی (فوٹو 1 ) نے شکر گزاری کی اور خدا کو جلا ل دیا جس نے مانمن کو اس کی لگ بھگ 11000 ذیلی شاخوں اور الحاقی کلیسیاؤں سمیت برکت دی، پھر کوریا اور دیگر ممالک سے آنے والوں کا شکریہ ادا کیا (فوٹو 6، 7، اور 8)۔
لوگوں نے جشن کے فنی مظاہرہ سے خوب لطف اٹھایا اور شادمانی کی جب خدا داد گیت گائے گئے، سازوں کا فنی مظاہرہ ہوا، اور رقص کے ساتھ خوبصورت آسمان کو بیان کیا گیا (فوٹو 2، 3، اور 4) اور بیرونِ احاطہ تقاریب سے لطف اندوز ہوئے (فوٹو 5، 9 اور 10)۔

9 اکتوبر 2016 میں مانمن سینٹرل چرچ نے 34 ویں یومِ تاسیس کی عبادت اور جشن کا انعقاد کیا۔ اس کو جی سی این نے 170 ممالک میں براہِ راست نشر کیا اور انٹرنیٹ پر بھی پیش کیا۔ 20 ممالک سے کئی لوگوں نے شرکت کی جن میں امریکہ، روس، اسرائیل، مصر، انڈیا، فرانس، آسٹریلیا، کولمبیا، اور کینیا شامل ہیں۔ حاضرین کیلئے نو زبانوں میں ترجمہ بھی کیا گیا جس میں انگریزی، فرانسیسی، ہسپانوی، اور روسی زبانیں شامل ہیں۔

سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی نے جمعہ کی شب بھر کی عبادت میں پیغام دیا، اتوار کی صبح کی عبادت، اور اتوار کی شام کی عبادت میں بھی حجّی 2: 9 پر مبنی" جلال" کے موضوع پر کلام سنایا۔ حوالہ کے ساتھ انہوں نے مانمن کی تاریخ پر روشنی ڈالی جو قومی بشارتی کام کر رہی ہے اور گزشتہ 34 سال سے عالمگیر مش پر مصروفِ عمل ہے اور انہوں نے خدا کا شکر کیا اور اسے جلال دیا جو معجزات کے ظہور، نشانات اور عجائب کے وسیلہ سے کلیسیا میں ان کے ساتھ ہے۔

چرچ کی فنی مظاہرہ کی کمیٹی نے جشن کیلئے فنی مظاہری کیا جس کا عنوان تھا "جلال" اوراس کے ساتھ ساتھ خداداد گیت بھی گائے۔ اس فنی مظاہرہ کا ضمنی موضوع" جلالی نیا یروشلیم" تھا، جس سے ان لوگوں کی شادمانی اور خوشی ظاہر کی گئی جو نئے یروشلیم میں داخل ہوں گے۔

جب فنی مظاہرہ کرنے والے حمد و ثنا کر رہے اور رقص کر رہے تھے، تو سامنے بڑی سکرین دیوار پر 260 ڈگری پر آویزاں کی گئی تھی، اور چھت کو بھی نِسّی آرکسٹرا کی براہِ راست پرفارمنس سے مزیئن کیا گیا تھا۔ یہ سب کچھ اتنا خوبصورت تھا کہ حاضرین بصری اور سمعی طور پر احساس کر سکتے تھے کہ نیا یروشلیم کتنا خوبصورت ہے اوراُن کے اندر آسمان کی امید بڑھی۔

پاسٹر دبورہ دیریلاہ جُما از ڈی آر کانگو نے کہا، کہ "مانمن سینٹرل چرچ خدا کی محبت ظاہر کرتا ہے۔ یہ پاک روح سے بھر پور ہے اور ایسا محسوس ہوا جیسے ہم آسمان پر ہیں۔"

سسٹر سنتھیا مک میلان از آسٹریلیا نے کہا کہ "مجھے نیند نہیں آتی تھی، لیکن ڈاکٹر جے راک لی سے ہاتھ ملانے کے بعد مجھے شفا مل گئی اور اُس وقت سے میں اچھی طرح سو جاتی ہوں۔"

ڈاکٹر نیکولائی اُنچس نے کہا کہ "مجھے چرچ اراکین کی عبادت، محبت اور اعلیٰ معیار کے فنی مظاہرے سے بڑی تحریک ملی ہے۔ وہ بڑی قوت اور روحانی تحریک سے بھرپور تھے۔"

چرچ کے برآمدے میں ایک خاص فوٹو سٹیج تھا جن میں رنگین پھولوں کی تصاویر تھیں، ایک پھول گاڑی تھی، اور پھول لہلہا رہے تھے اور آسمانی سیڑھی نئے یروشلیم کو جا رہی تھی۔ مردوں، عورتوں، کنعان اور نوجوانوں کے مشن اراکین نے سب اراکین کیلئے کھانا تیار کیا۔ مدعو کئے جانے والے اراکین کے خاندان اور رشتہ داروں نے آپس میں بہت اچھا وقت گزارا۔

جمہ کی شب بھر کی عبادت کے دوسرے نصف حصہ میں، 7 اکتوبر کو چرچ نے یومِ تاسیس کی شام منائی اور فنی مظاہرہ کیا جس کا عنوان تھا "جلال"، اور اس کا ضمنی عنوان تھا "ہوا میں شادی کی ضیافت"۔ حاضرین نے جلال کا احساس پایا کہ جیسے وہ خداوند کی دلہن ہیں جب ہوا میں بطور دلہن اُن کی ملاقات اپنے خداوند کے ساتھ ہو گی۔

# قادرِ مطلق خدا

دیکھ میں خداوند تمام بشر کا خدا ہوں کیا میرے لئے کوئی کام دشوار ہے (یرمیاہ 32: 27)۔

خدائے خالق ازل سے ابد تک موجود ہے، وہ کامل، واجب الوجود اور قادرِ مطلق خدا ہے جو سب کچھ کرنے پر قادر ہے۔ اسی وجہ سے پوری بائبل میں لاتعداد مقامات پر بار ہا ان نشانات اور عجائبات کا ذکر ہے جن کو کوئی بھی انسان کرنے کی لیاقت نہیں رکھتا۔

قادرِ مطلق خدا کے ایسے کام خدا کے لوگوں کے وسیلہ سے مختلف پُشتوں میں ہوتے چلے آئے ہیں جنھیں خدا نے خود مقرر کیا تھا، اور خدا اپنی قدرت کے ایسے عجیب کام آج بھی مسلسل ظاہر کرتا ہے۔ یسوع نے یوحنا 4: 48 میں کہا کہ "جب تک تم نشان اور عجیب کام نہ دیکھو ہر گز ایمان نہ لاؤ گے۔" لوگ خدا پر ایمان لانے کے لائق نہیں ہو سکتے جب تک کہ وہ اُس کی قدرت کے ایسے عجیب کام اور نشان نہ دیکھ لیں۔

## 1۔ خدا ہمہ دان ہے اور سب کچھ جانتا ہے

خدا نہ صرف ہمارے قول و فعل سے واقف ہے بلکہ ہمارے دلوں بلکہ خیالوں کو بھی جانتا ہے جو ہماری سوچوں میں ابھر رہی ہوتی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اُس نے ہی ہمیں بنایا ہے جیسا کہ زبور 139: 13 میں لکھا ہے، جہاں ہم پڑھتے ہیں کہ "کیونکہ میرے دل کو تُو ہی نے بنایا، میرے ماں کے پیٹ میں تُو ہی نے مجھے صورت بخشی۔" علاوہ ازیں، وہ اُن باتوں کو بھی جانتا ہے جو ابھی ہونے والی ہیں اور وہ پیش بینی کرتا ہے۔

بائبل مقدس میں انسان کے لئے آنے والے نجات دہندہ، اسرائیلی کی تباہی اور بحالی کی بابت کئی پیشین گوئیاں ہیں، اور ان واقعات کے بارے میں بھی جو اخیر زمانہ میں رونما ہوں گے۔ یہ پیشین گوئیاں پوری صداقت کےساتھ پوری ہو رہی ہیں۔ مزید یہ کہ، اُن لوگوں کے وسیلہ سے جو خدا کی نظر میں راست ہیں، خدا ایسی باتیں ظاہر کرتا ہے جو رونما ہونے والی ہوتی ہیں۔ عاموس 3: 7 بیان کرتی ہے کہ،" یقیناً خداوند خدا کچھ نہیں کرتا جب تک کہ اپنا بھید اپنے خدمت گزار نبیوں پر پہلے آشکارا نہ کرے۔"

آج بھی، خدا اُن لوگوں کے ذریعہ سے رونما ہونے والی ایسی باتیں ظاہر کرتا ہے جن کے ساتھ وہ گہری باتیں کرتا ہے۔ میں نے بھی خدا کی ایسی کئی نبوتوں پر بھروسا رکھا جو اِس چرچ میں ظاہر ہوئی تھیں۔ مثال کے طور پر، میں نے تائیو روہ کے انتخابات کے بارے میں پیشین گوئی کی تھی کہ 1987 میں وہ شمالی کوریا کے صدر منتخب ہوجائیں گے اور یہ بھی کہ صدر ینگسم کم اور دے جُنگ کم کے جانشیں ہوں گے۔ علاوہ ازیں میں نے یہ بھی پیشین گوئی کی تھی کہ رونالڈ ریگن امریکہ کے صدر ہو جائیں گے اور مارگریٹ تھیچر برطانیہ کی وزیرِ اعظم بن جائیں گی۔ خدا نے مجھ پر یہ پیشگی ظاہر کیا تھا کہ انڈیا کی وزیرِ اعظم اندا گاندھی اور سوویت یونین روس کے جنزل سیکریٹری چیرنینکو کی موت ہو جائے گی۔

میں نے مشرقِ وسطیٰ میں خام تیل کی قیمتوں کے بارے میں بھی پیشین گوئی کی تھی، اور یہ بھی کہ کس طرح تین بڑے ممالک اور ان کے ملحقہ علاقہ جات جن میں امریکہ، یورپی یونین اور سابقہ کمیونسٹ اور کمیونسٹ نظام کے ماتحت اقوام چین، اور روس دنیا میں تین ہم فریق قوتیں بن جائیں گی۔ میں نے جنوبی کوریا کی 'سن شائن' پالیسی کی ناکامی کی پیشین گوئی بھی کی تھی جس کا ہدف شمالی علاقہ تھا اور یہ بھی کہ کس طرح شمال عارضی طور پر اپنے دروازے کھولے گا لیکن جلد ہی اسے دوبارہ بند کر دے۔

میں نے دیگر کئی موضوعات اور واقعات کے بارے میں بھی پیشین گوئی کی تھی اور ان میں سے ہر ایک کام نمایاں طور پر پورا ہوا۔ ہمارا خدا جو حالیہ اور آنے والے وقت اور دنیا کی تاریخ کی روانی سے واقف ہے، یہ بھی جانتا ہے کہ ہماری زندگی میں آئندہ کیا ہونے والا ہے۔ میں آپ پر زور دیتا ہوں کہ اپنی زندگی کے ہر پہلو کو خدا کے تابع کر کے ہمیشہ خوشحالی اور برکت کی راہ پر چلیں۔



بزرگ پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی

## 2۔ قادرِ مطلق خدا کی قدرت از روئے بائبل مقدس

خدا نے اسرائیلیوں کے مصر سے خروج سے پہلے موسیٰ کے ذریعہ مصریوں پر دس آفتیں بھیجیں۔ علاوہ ازیں، خدا نے اپنی قدرت سے بحرِ قلزم کو دو حصوں میں کھول دیا تھا اور ایک چٹان سے پانی نکلا، اور مارہ کا کڑوا پانی میٹھا ہو کر قابلِ نوش ہو گیا۔ اُس کی ہی قدرت سے ایلیاہ نے ایک شدید قحط کی پیشین گوئی کی جو ساڑھے تین سال تک کی تھی۔ اور جب اُس نے دلسوزی سے دعا کی تو خدا نے اس کی دعا کا آگ کے ساتھ جواب دیا اور آسمان سے بارش برسائی۔ خدا کی قدرت سے مردے جی اٹھے۔

خدا کے یہ عجیب کام نئے عہد نامہ کے دور میں بھی رونما ہوتے رہے۔ یسوع مسیح نے لعزر نامی ایک شخص کو زندہ کیا، اندھوں کی آنکھیں کھولیں، اور اس نے بیماروں اور معذوروں کو شفا دی، اس نے بدروح گرفتہ لوگوں کو آزاد کیا۔ علاوہ ازیں، اس نے ہوا اور پانی کو بھی تھمام دیا اور پانی پر چلا۔

حتیٰ کہ یسوع کے جی اٹھنے اور آسمان پر چلے جانے کے بعد بھی خدا کی قدرت یسوع مسیح کے شاگردوں کے وسیلہ سے ظاہر ہوتی رہی۔ پطرس رسول کے معاملے میں تو یہ تھا کہ لوگ بیماروں کو گلیوں میں ڈال دیتے تھے تا کہ جب پطرس وہاں سے گزرے تو اس کا سایہ ہی ان پر پڑ جائے (اعمال 5: 15)۔ پولس رسول کے لئے یہ تھا کہ جب لوگ اس کارومال اور پٹکا لے جا کر کسی بیمار کو چھوتے تو بیماریاں چلی جاتی اور اُن میں سے بُری روحیں نکل جاتی تھیں (اعمال 19: 11- 15)۔

انسانی لیاقت سے بالا تر اس عجیب قدرت کو ظاہر کر کے خدا کا ارادہ یہ ہے کہ لوگوں کی اس سے ملاقات ہو اور نجات تک نوبت پہنچے۔

## 3۔ قادرِ مطلق خدا آج بھی کام کرتا ہے

بائبل مقدس ہمیں بتاتی ہے کہ یسوع مسیح کل، آج بلکہ ابد تک یکساں ہے (عبرانیوں 13: 8)۔ لہٰذا یسوع مسیح کے وسیلہ سے خدا کی قدرت آج ہمارے دور میں بھی ظاہر ہو سکتی ہے۔

خدا کے ایسے قدرت بھرے کام ہمارے چرچ مانمن سینٹرل چرچ میں بھی اس کے آغاز ہی سے ظاہر ہو رہے ہیں۔ ہر طرح کی لا علاج بیماریوں سے شفا کی گواہیاں دنیا بھر سے ہر ہفتے موصول ہوتی ہیں۔ غیر معمولی حقیقت یہ ہے کہ بے شمار لوگوں نے اپنی اپنی بیماریوں سے شفا اور کمزوریوں سے نجات کا تجربہ پایا ہے، نہ صرف میری شخصی دعاؤں سے بلکہ اُس وقت بھی جب وہ انٹرنیٹ یا جی سی این کے ذریعہ سے دعا کرواتے ہیں۔

کئی شادی شُدہ جوڑے جو سالہا سال سے بے اولاد تھے یہاں تک کہ درجنوں سال سے، اُن کو اولاد ملی۔ بیرون ممالک سے کئی دعائیہ درخواستیں اور تصویریں بیمار لوگوں کی بذریعہ فیکس یا ای میل ہمیں موصول ہوتی ہیں اور جب میں اپنے ہاتھ ان لوگوں کی تصویروں پر رکھ کر دعا کرتا ہوں تو خدا کی وقتوں اور معیادوں سے مبرا قدرت ظاہر ہوتی ہے۔ جب کبھی میں کسی خاص بیداری کی عبادت کا انعقاد کرتا ہوں خواہ کوریا میں یا سمندر پار کروسیڈز کی صورت میں، میں سٹیج پر سے بیماروں کیلئے دعا کرتا ہوں کیونکہ اُن میں سے ہر ایک شخص پر ہاتھ نہیں رکھ سکتا۔ تو بھی بے شمار لوگ شفا پاتے اور ساتھ ہی ساتھ خدا کو جلال دیتے ہیں۔ بے شمار لوگ جو ایسی بیداری کی عبادات میں شریک نہیں ہو سکتے اور کروسیڈز میں شخصی طور پر آ نہیں سکتے، انھوں نے انٹرنیٹ، یا مواصلاتی سیارے یا ٹیلی ویژن کے ذریعہ شریک ہو کر شفا کی گواہی دی ہے۔ کروسیڈ کے بعد لوگوں کی بڑی تعداد دنیا بھر سے اپنی گواہیاں ای میل یا فیکس کے ذریعے بھیجتی ہے۔

اب آئیں اُن عجائبات پر غور کریں جو قادرِ مطلق خد انے ظاہر کئے ہیں۔ سمر ریٹریٹ یا خاص مواقع پر مانمن ارکین کو اس طرح سے تجربات ہوتے ہیں جن سے خد اموسموں پر حکمرانی کرتا ہے۔ جب میں نے ایمان سے دعا کی تو اس وقت موسلا دھار بارش رُک گئی اور ایک بار ایسا ہوا کہ آسمان پر چاروں طرف بادل جمع ہو گئے اور مانمن اراکین کی لئے تپتی دھوپ میں ڈھال بن گئے جب وہ بیرونِ احاطہ سرگرمیوں کے لئے تیاری کر رہے تھے۔ شاہدین کی ٹھیک ٹھیک تعداد بیان کرنا ممکن نہیں یا ایسے واقعات جن میں ہمارے چرچ یا اس کےاراکین نے بیماریوں اور کمزوریوں سے شفا کے غیر معمولی معجزات دیکھے، نشانا اور عجیب کام دیکھنے جن میں فطری ماحول کے بادل، ستارے اور قوسِ قزح بھی شامل ہے۔

ایسے حیران کن کام آج بھی ہو رہے ہیں کیونکہ خدائے محبت جو نہ صرف ہمیں بیماریوں سے آزاد کرتا ہے اور دعاؤں کا جواب دیتا ہے بلکہ وہ سب لوگوں کیلئے نجات کی راہ بھی کھولتا ہے۔

مسیح میں عزیز بھائیوا ور بہنو! حتیٰ کہ زندہ خدا آج بھی ہر طرح کے ایسے کام ظاہر کرتا ہے جو انسانی لیاقت سے ہر طرح باہر ہیں۔ میں خداوند کے نام میں دعا کرتا ہوں کہ قادرِ مطلق خدا پر ایمان لا کر آپ اُسے جلال دیں اور بے شمار جانوں کو نجات کی راہ پر لائیں۔




### ایمان کا اقرار

1۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ بائبل مقدس خدا کے منہ سے نکلا ہوا کلام ہے اور یہ کامل اور بے نقص ہے ۔

2۔مانمن سینٹرل چرچ خدائے ثالوث :خدا باپ، خدا بیٹا، اور خدا روح القدس کی یکتائی پر ایمان رکھتا ہے ۔

3۔مانمن سینٹرل چرچ کا ایمان ہے کہ ہمیں صرف اور صرف یسوع مسیح کے نجات بخش لہو کے وسیلہ گناہوں کی معافی ملی ہے۔

4۔مانمن سینٹرل چرچ یسوع مسیح کے مردوں میں سے جی اٹھنے اور آسمان پر اٹھائے جانے پر ، اُس کی آمدِ ثانی پر، ہزار سالہ بادشاہی پر اور ابدی آسمان پر ایمان رکھتا ہے۔

5۔مانمن سینٹرل چرچ کے ارکان جب بھی جمع ہوتے ہیں "رسولوں کا عقیدہ" پڑھ کر ایمان کا اقرار کرتے ہیں اور اِس میں شامل باتوں پر حرف بہ حرفی یقین رکھتے ہیں۔

"وہ(خدا ) توخود سب کو زندگی اور سانس اورسب کچھ دیتا ہے"۔(اعمال17:25)

"اور کسی دوسرے کے وسیلہ نجات نہیں کیونکہ آسمان کے تلے آدمیوں کو کوئی دوسرانام نہیں بخشا گیا جس کے وسیلہ سے ہم نجات یں"۔(اعمال4:12)

Urdu
مانمن خبریں
شائع کردہ مانمن سینٹرل چرچ
نمبر3-235گرو ڈونگ3، گرُو ۔گو، سیول کوریا(08389)
فون82-2-818-7047 فیکس82-2-818-7048
ویب سائٹwww.manmin.org/english
www.manminnews.com
ای میلmanminen@manmin.kr
ناشر:ڈاکٹر جے راک لی
مدیرِ اعلیٰ:سینئیر ڈیکنیس گیومسُن وِن










## "ڈاکٹر جے راک لی خدا اور خداوند سے ملنے کی واضح راہ دکھاتے ہیں"



### ڈاکٹر میخائیل مورگُولس، صدر سپریچوایل ڈپلومیسی، امریکہ

گزشتہ 10 سال سے میں نے مانمن سینٹرل چرچ سے رشتہ برقرار رکھا ہے اور روحانی شادمی سے لطف اندوز ہو رہا ہوں۔ خدا کو پسند ہے کہ ہم اُس سے اپنی محبت ظاہر کریں۔ ڈاکٹر لی اپنے ہر وعظ میں خدا کے ساتھ اپنی محبت ظاہر کرتے ہیں۔ یہ اُن کی نمایاں خصوصیت ہے۔

کئی پاسبان خدا کے بارے میں بات کرتے ہیں اور کئی ایسے ہیں جو خدا کے حضور آنا چاہتے ہیں لیکن مشکل یہ ہے کہ انہیں خدا وند کے پاس آنے کی راہ نہیں جاتے۔ تاہم ڈاکٹر لی اپنا اچھا نمونہ دے کر ہمارے سامنے خدا وند اور خدا کی طرف جانے کی راہ پیش کرتے ہیں۔

ورلڈ ہولینس سینٹر میں، جسے میں چلا رہا ہوں، ڈاکٹر لی کی سب کتابیں مختلف زبانوں میں موجود ہیں۔ اور وہاں بالخصوص روسی زبان میں کتابیں موجود ہیں۔ اس کی یہ وجہ ہے کہ وہاں روسی زبان بولنے والے ممالک سے لوگ آتے جاتے ہیں جن میں یوکرین، اور بیلارس شامل ہیں۔ اس کے علاوہ ہم ڈاکٹر لی کے بارے میں ٹی وی پروگرام بھی پیش کرتے ہیں۔

مانمن کے سب فنی مظاہرہ کرنے والے لوگ خدا کیلئے سچی محبت ظاہر کرتے ہیں۔ میں جشن کے موقع پر فنی مظاہرہ دیکھ کر خدا اور پاک روح کی حضوری محسوس کر رہا تھا۔ یہ صرف اُن کی وجہ سے نہیں تھا بلکہ اُس شادمانی کے باعث تھا جو آسمان سے مانمن پر نازل ہوتی ہے۔ ہالیلویاہ۔

## "میں خدا کے کلام کا اور اپنے ملک کے متعددلوگوں کی تبدیلی کا ازحد مشتاق ہوں"



### بشپ گرگیز مورگن پوکتور، چیئر مین پینتی کاسٹل چرچز آف ایجپٹ (مصر)

میں جب بھی مانمن سینٹرل چرچ جاتا ہوں تو مجھے ڈاکٹر جے راک لی کی قوت پہلے سے بھی زیادہ محسوس ہوتی ہے۔

انہوں نے پاکستان میں ایک عبادت کا انعقاد کیا تھا جہاں کی اکثریت مسلمان ہے۔ انہوں نے اُن کو کئی بیماریوں سے شفا دی اور اس عبادت میں لوگوں نے خداوند کو قبول کیا۔ اس کے بعد پاسٹر تےسک گل کو بے شمار شفائیہ کاموں اور خدا کو جلال دینے کیلئے رومالوں کے وسیلہ سے دعا کرنے کیلئے بھیجا گیا جن پر ڈاکٹر جے راک لی نے دعا کی ہوئی تھی (اعمال 19: 11-12)۔

اسی طرح کا کام مصر میں بھی ہوا۔ اس سے میرے اراکین میں روحانی تبدیلی آئی اور دشمن ابلیس اور شیطان کو دور کرنے میں مدد ملی۔کئی لوگ چرچ آنے لگے اور خدا کے لئے اپنی شکر گزاری کو بڑھایا۔ یہاں تک کہ مسلمانوں نے بھی قدرت بھرے کاموں کا تجربہ پانے کے بعد اندراج کروایا۔

میں مزید سیکھنے اور ڈاکٹر لی کی تعلیمات کی پیروی کرنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ میں پاک انجیل پھیلاؤں گا اور ڈاکٹر لی کی کتابیں تقسیم کروں گا کیونکہ اُن کا پیغام لوگوں کی زندگی میں شفا لاتا ہے اور یہ اعلیٰ درجہ کی تعلیم ہے۔

## "یہ محبت کی فضا ہے جو روحانی توانائی سے بھرپور ہے"



### ڈکٹر اولیگ اوسٹیریکو چیئرمین ڈبلیو سی ڈی این کانفرنس روسی آرگنائزیشن کمیٹی 2017

مجھے ڈبلیو سی ڈی این کانفرنس میں شرکت کے دوران مانمن کے بارے میں معلوم ہوا۔ چرچ کے 34 واں یومِ تاسیس کے جشن کے موقع پر فنی مظاہرہ نہایت شاندار تھا اور جلالی اور عجیب تھا۔ یہ ایسے تھا جیسے آسمانی ضیافت میں خدا کے نام کی بڑائی ہو رہی ہے اور یہ سب کچھ محبت سے بھرپور تھا۔ یہ مجھے بہت پسند آیا۔ حمد و ثنا، رقص، اور موسیقی سب کچھ بہت ہی اچھا تھا۔ میں سے کبھی نہیں بھولوں گا۔

جب میں موآن میٹھے پانی کے مقام پر گیا تو مجھے خدا کی محبت محسوس ہوئی۔ جس لمحہ میں معجزہ کے مقام پر پہنچا جہاں سمندر کا کڑوا پانی بدل کر میٹھا پانی بن گیا تھا، تب میں نے روحانی توانائی محسوس کی۔ جب میں نے خود کو اس پانی میں اتارا تو میں بہت مطمئن اور شادمان تھا۔ میری بیوی لئیوڈمیلا نے اپنی کھُلی روحانی آنکھوں سے خداوند کی مسکراہٹ دیکھی۔

2017 میں ڈبلیو سی ڈی این کانفرنس روس کا انعقاد سینٹ پیٹرز برگ میں ہو گا۔ یہ تقریب خداکیلئے، ڈاکٹروں کیلئے اور ایمانداروں کیلئے منعقد ہو گی۔

مانمن چرچ میں ہر لمحہ اور ہر ایک پل میں نے ایسے لوگوں سے ملاقات میں گزارا جو خدا سے سچا پیار کرتے اور اُس سے پیار لیتے تھے، میرے لئے یہ نہایت ہی بیش قیمت تھا اور اس سے مجھے شادمانی ملی۔




## "ہمیں چاہئے کہ دنیا کے لوگوں کو یہ خوبصورت فنی مظاہرہ دیکھنے کا موقع دیں"



ڈاکٹر آندرے گاسیوروسکی، بانی اور
صدر ہیلپنگ ہینڈ کولایژن

اسرائیل میں، مجھے اپنی بابت مانمن سینٹر چرچ جانے کی توقع تھی جو میرے نزدیک آسمان کی مانند ہے۔ اگر مجھ سے مانمن کے عجیب تجربات ایک لفظ میں بیان کرنے کیلئے کہا جائے تو میں کہوں گا" محبت"۔ اور وہاں پر خدا کے لئے شدید اشتیاق اور آسمان کے لئے نہایت اعلیٰ خواہش اور جذبہ موجود ہے۔

سینئر پاسٹر ڈاکٹر جے راک لی کے سارے وعظ ایک عام اور سادہ پیغام میں اس طرح سمٹ جاتے ہیں کہ وہ چاہتے ہیں کہ ہم مقدس بنیں اور آسمان کی نہایت ہی جلالی جگہ پر پہنچیں۔ وہ فنی مظاہرہ نہایت شاندار تھا۔ مجھے ایسے محسوس ہوا جیسے آسمان پر ہوں، اور یہ ایسا عظیم تھا کہ میں بیان نہیں کر سکتا کہ اس کی عظمت کس قدر تھی۔ میرا ایمان ہے کہ اس شاندار فنی مظاہرہ کو دنیا بھر میں پھیلانا چاہئے۔

ہیلپنگ ہینڈ کولیژن اسرائیل کی 70 ویں سالگرہ منانے کیلئے ایک بین الاقوامی تقریب منعقد کرنے کی تیاری کر رہی ہے۔ اسرائیل کے صدر اس کے میزبان ہوں گے، اور کئی مسیحی اسرائیل کیلئے دعا اور معاونت کیلئے آئیں گے۔ اس تقریب کیلئے میں ڈاکٹر جے راک لی کو مدعو کرتا ہوں۔ مجھے مانمن کے تمام لوگ بہت یاد آتے ہیں۔ خدا آپ کو برکت دے۔

## "خدا سے پیار کرنے والے ایماندار نہایت خوبصورت ہوتے ہیں"



بشپ اولوماسائی نکولاس اومون یانگولی، چیئر
مین کینیا ایونجلزم نیوز چرچز، کینیا


جب میں نے سُنا کہ آسمانی سکونت گاہیں ہر ایک کے ایمان کے پیمانہ کے مطابق تقسیم ہیں تو میں بہت متاثر ہوا۔ اس کے علاوہ، پاک انجیل نے مجھے حقیقی مسیحی بننے کی راہ دکھائی جو فی الحقیقت خدا سے پیار کرتے ہیں۔ میں نے اپنی کلیسیائی جماعتوں کے 65 پاسبانوں سے اس بارے میں بات کی اور اُن کی رضامندی سے ہم نے مانمن میں شرکت کر لی۔

میں اُس شخص سے ملاقات کرنا چاہتا تھا جس نے بہت دعا اور متعدد روزوں کے بعد خدا کا کلام پایا تھا۔ میں مانمن سینٹرل چرچ کے 34 ویں یومِ تاسیس کے موقع پر کوریا آیا، اس توقع کے ساتھ کہ خدا ہمارے لئے نئے کام کرے گا۔ کلامِ حیات اورشفا کی گواہیاں اور جوابات نہایت ہی عظیم تھے۔

سب سے بڑھ کر، میں چرچ اراکین سے بہت متاثر ہوا جو اپنے سارے دل سے خدا کے ساتھ محبت رکھتے ہیں۔ اور اُن کو ہر شب دو گھنٹے سے زیادہ وقت دعا کرتے دیکھنا نہایت حیران کن تھا۔ میں مانمن کے ساتھ الحاق برقرار رکھنا چاہوں گا جہاں خدا کا فضل اور اُس کی برکات کا بہاؤ رہتا ہے۔

## "گھٹنے میں گنٹھیا کی وجہ سے مجھے چلنے میں دشواری تھی، لیکن مجھے شفا مل گئی"

مسز ایلینہ، ایڈمنسٹریٹر ڈبلیو سی
ڈی این روسی کانفرنس 2017



میں نے گزشتہ ماہ اپنے گھٹنوں کے گنٹھیا کے علاج کیلئے اپنی نصف تنخواہ خرچ کر دی۔ لیکن یہ اور بھی بگڑ گیا اور میں ٹھیک طرح چل نہیں سکتی تھی۔

میں واقعی کوریا میں مانمن سینٹرل چرچ جانا چاہتی تھی، اس لئے آنسوؤں کے ساتھ دعا کی۔ دراصل، ایسا لگتا تھا کہ اب میرے لئے بہت سے ادویات کے بغیر کوریا جانا ممکن نہیں ہو گا۔

جمعہ کی شب بھر کی عبادت کے بعد، 7 اکتوبر 2016 کو میں نے شخصی طور پر ڈاکٹر جے راک لی سے دعا کروائی۔ حیرت انگیز طور پر میری ٹانگوں میں ہلکا پن محسوس ہونا شروع ہوا اور ایسے لگا جیسے بہتری آ رہی ہے۔ اگلے دِن، مجھے کوئی درد نہ تھا اور سوجن بھی کم ہو گئی تھی۔ میں بہت خوش تھی۔

ہفتہ 8 اکتوبر کو، ہم اپنی منزل سیوٗل کی جانب روانہ ہوئے۔ میں چل کر سیڑھیاں چڑھی اور اتری، جیسے کہ دوسرے لوگ چل رہے تھے اور مجھے بالکل درد نہ ہوا۔ میں خداوند کی شکر گزار ہوں جس نے مجھے شفا دی، اور سینئر پاسٹر کی جنھوں نے میرے لئے دعا کی۔

GCN جی سی ان
(گلوبل کرسچن نیٹ ورک)
فون:82-2-824-7107
فیکس:82-2-813-7107
www.gcntv.org
webmaster@gcntv.org

WCDN World Christian Doctors Network
(ورلڈ کرسچن ڈاکٹرز نیٹ ورک)
فون:82-2-818-7039
فیکس:82-2-830-5239
www.wcdn.org
wcdnkorea@gmail.com

MIS
(مانمن انٹرنیشنل سیمنری)
فون:82-2-818-7334
فیکس:82-2-830-3310
www.manminseminary.org
manminseminary2004@gmail.com

کتب اُوریم
فون:82-70-8240-2075
فیکس:82-2-869-1537
www.urimbooks.com
urimbook@hotmail.com